سوال

قضاء نمازوں میں ترتیب کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر میری مغرب کی نماز رہتی ہو اور مسجد میں عشاء کی جماعت ہو رہی ہو تو مجھے پہلے عشاء کی نماز پڑھنی چاہیے یا مغرب کی؟ اگر مغرب کی پڑھنی ہو تو کیا طریقہ کار ہوگا۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جمہور اہل علم کے نزدیک قضاء نمازوں میں ترتیب کو قائم رکھنا واجب ہے۔ امام ابن قدامہ فرماتے ہیں :

وجملتہ أن الترتیب واجب فی قضاء الفوائت (المغنی 1/352)

مختصر یہ کہ فوت شدہ نمازوں میں ترتیب واجب ہے۔

جبکہ امام شافعی کے نزدیک ترتیب واجب نہیں ہے۔

اور اگر آپ نماز عشاء کے وقت آئیں اور آپ کی نماز مغرب رہتی ہو اور آپ ترتیب سے پڑھنا چاہتے ہوں تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ آپ تین رکعات پڑھ کر بیٹھے رہیں اور چوتھی رکعت کے لئے امام کے ساتھ کھڑے نہ ہوں، بلکہ تشہد میں بیٹھے رہیں۔ امام جب چوتھی رکعت پڑھ کر تشہد بیٹھے اور سلام پھیرے تو آپ بھی امام کے ساتھ ہی سلام پھیر لیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ